سوال

میری والدہ کی جانب سے بھائی نے شادی کرلی ہے توکیا میرا والد اس کی بیوی کا محرم ہوگا ؟

جواب

الحمد للہ

آپ کا والد اس کا محرم نہیں ہوگا، کیونکہ وہ اس کا بیٹا نہیں بلکہ اس کی بیوی کا بیٹا ہے، چنانچہ آپ کی والدہ کی طرف سے آپ کا بھائی آپ کے والد کی بیوی کا بیٹا ہے جو آپ کی والدہ ہے، اس لیے آپ کے ماں کی طرف سے بھائی کی بیوی آپ کے والد کے لیے اجنبی ہے اور وہ اس کا محرم نہیں ہوگا

اور اگر وہ اسے طلاق دے دے تو آپ کے والد کے لیے اس سے نکاح کرنا جائز ہے؛ کیونکہ وہ اس کے سگے بیٹے کی بیوی نہیں، اور نہ ہی وہ اس کی بیوی کی بیٹی ہے، وہ اس طرح کہ اس کی پرورش نہیں تو اس طرح وہ اس کا محرم نہیں، بلکہ وہ تو اس کی بیوی کے بیٹے کی بیوی ہے جو اس کے لیے ایک اجنبی عورت کی حیثیت رکھتی ہے .

واللہ تعالی اعلم .

اسلام سوال وجواب

100325